**18.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

☆ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے وزیر اعظم کو ایک خط لکھ کر طبی عملے کے خلاف تشدد کو روکنے کیلئے ایک مرکزی قانون بنانے کی گذارش کی ہے۔

☆ سی بی آئی ، **R.G. Kar** میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سے تفتیش جاری رکھے گی ۔ کولکاتہ پولیس نے اسپتال کے اطراف میں بھارتیہ ناگرِک سُرکشا سَنہیتا **2023** کی دفعہ **163** سات دن کیلئے نافذ کردی ہے۔

☆ داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج احمد آباد میں ایک تقریب میں **188** ہندو تارکینِ وطن کو شہریت سے متعلق ترمیمی قانون کے تحت شہریت کے سٹرٹیفکیٹ تقسیم کریں گے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کویت پہنچ گئے ہیں ، جہاں وہ تجارت ، سرمایہ کاری ، توانائی اور سکیورٹی سمیت دو طرفہ تعلقات کا جائزہ لیں گے۔

☆ امریکی وزیر خارجہ **Antony Blinken** ، غزہ میں جنگ بندی کرانے سے متعلق واشنگٹن کی سفارتی کوشش کے حصے کے طور پر اسرائیل پہنچ رہے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

**IMA PM LETTER**

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن **IMA** نے کولکاتہ کے **RG Kar** میڈیکل کالج معاملے میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک خط لکھ کر حفظان صحت کے عملے کے خلاف تشدد کو روکنے کیلئے ایک مرکزی قانون بنانے میں اُن کی مداخلت چاہی ہے۔ **IMA** نے کہا ہے کہ سبھی اسپتالوں کی سیکورٹی پروٹوکول ہوائی اڈوں کی طرح ہونا چاہیئے۔اس نے یہ بھی کہاہے کہ اسپتالوں کو لازمی سیکورٹی حقوق کے ساتھ محفوظ مقام قرار دیا جاناچاہیئے۔ **IMA** نے اپنے خط میں مقررہ وقت کے اندر جرائم کی باریکی کے ساتھ اور پیشہ وارانہ انداز میں تحقیقات اور فوری انصاف کی درخواست کی ہے۔اس کے ساتھ ہی **IMA** نے غمزدہ کنبے کیلئے مناسب معاوضہ دینے کی بھی مانگ کی ہے اور ڈاکٹروں کیلئے کام کے ماحول کو بہتر بنانے کا مطالبہ کیاہے۔**x**
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**CENTRE HEALTH CARE**

مرکزی حکومت نے طبی عملے کے افراد کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سبھی ممکنہ اقدامات تجویز کرنے کی خاطر ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے **FORDA** اور **IMA** سمیت طبی عملے کے مختلف فریقوں کے ذریعے ظاہر کی گئی تشویش پر غور کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے۔ اُس نے ریاستی سرکار کو بھی مدعو کیا ہے کہ وہ اِس معاملے پر مجوزہ کمیٹی کے لیے اپنی تجاویز پیش کریں۔

جمعہ کو مرکزی حکومت نے ایک نوٹس جاری کیا تھا ، جس میں سرکاری اسپتالوں کو ہدایت دی گئی تھی کہ وہ طبی عملے کے ساتھ بدتمیزی ہونے یا اُن کے ساتھ تشدد ہونے کی صورت میں **6** گھنٹے کے اندر **FIR** درج کرائیں۔

کولکاتہ کے **R.G. Kar** میڈیکل کالج کی ایک ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے معاملے پر پورے ملک میں بڑے پیمانے پر احتجاج کے بعد مرکزی حکومت نے یہ نوٹس جاری کیا ہے۔ **x**

**REV KOLKATA - BNSS**

سی بی آئی ، **R.G. Kar** میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سے تفتیش جاری رکھے گی ۔ انہیں آج پھر سے تحقیقات کیلئے **C.G.O** کمپلیس میں بلایا گیا۔ اُن سے کل بھی پوچھ تاچھ کی گئی تھی۔ اُدھر کولکاتہ پولیس نے **R.G. Kar** میڈیکل کالج اور اسپتال کے اطراف میں بھارتیہ ناگرِک سُرکشا سَنہیتا **2023** کی دفعہ **163** سات دن کیلئے نافذ کردی ہے۔ اس کا اطلاق آج سے ہوگا اور اس کی رُو سے علاقے میں پانچ یا اس سے زیادہ افراد کسی غیر قانونی کارروائی کیلئے جمع نہیں ہوسکیں گے۔ میڈیکل کالج میں **14** اگست کی رات کو ہوئی توڑ پھوڑ کے تعلق سے پولیس نے اسٹوڈنٹس فیڈریشن آف انڈیا کے دو لیڈروں کو **Behala** علاقے سے حراست میں لیا ہے۔**x**

**GUJARAT - AMIT SHAH**

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج احمد آباد میں ایک تقریب میں **188** ہندو تارکینِ وطن کو شہریت سے متعلق ترمیمی قانون - **CAA** کے تحت شہریت کے سرٹیفکیٹ تقسیم کریں گے۔ وزیر موصوف، جو اس وقت گجرات کے دورے پر ہیں، اب سے تھوڑی دیر بعد احمد آباد میں ایک ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے احمدآباد میونسپل کارپوریشن کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے۔

اس سے پہلے، آج صبح جناب شاہ نے احمد آباد میونسپل کارپوریشن کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا تھا۔ ان پروجیکٹوں میں **BODAK-DEV** کے مقام پر آکسیجن پارک اور **MAK-RABA** علاقے میں ایک جمنازیم اور سوئمنگ پول شامل ہیں۔ جناب شاہ سابرمتی میں پارٹی کارکنان سے خطاب بھی کریں گے۔ **x**

## RAJNATH VISIT

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج چنئی کے اپنے دورے کے دوران انڈین کوسٹ گارڈ کے ایک نئے جدید میری ٹائم Rescue کوآرڈی نیشن سینٹر کا افتتاح کریں گے۔ وہ چنئی میں میری ٹائم Pollution Response سینٹر اور پوڈوچیری میں کوسٹ گارڈ کے ایئر انکلیو کا بھی افتتاح کریں گے۔

یہ Pollution سینٹر چنئی کی بندرگاہ پر واقع ہے اور یہ بحری خطے میں آلودگی سے نمٹنے کے شعبے میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ سینٹر پانی میں کثافت کے واقعات، خاص طور پر ساحلی ریاستوں سے متصل بحری علاقے میں تیل اور کیمیکل وغیرہ کے رساؤ کی صورت میں تال میل کے ساتھ اقدامات کرنے میں اہم رول ادا کرے گا۔

## CCPA - FINE

صارفین کے تحفظ سے متعلق مرکزی اتھارٹی CCPA نے Sri Ram's IAS پر تین لاکھ روپے کا حرجانہ لگایا ہے۔ یہ حرجانہ UPSC سِول سروس امتحان 2022 کے جھوٹے اور گمراہ کن نتائج شائع کرنے سے متعلق ہے۔ صارفین کے معاملات خوراک اور عوامی تقسیم کی وزارت نے بتایا کہ اس فیصلے کا مقصد صارفین کے حقوق کی حفاظت کرنا اور اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کسی بھی چیز یا خدمات سے متعلق کوئی گمراہ کن اشتہار نہیں بنایا جاسکتا۔ صارفین کے تحفظ سے متعلق قانون 2019 کی خلاف ورزی کے تناظر میں چیف کمشنر نِدھی کھرے اور کمشنر انوپم مِشرا کی قیادت میں Sri Ram's IAS کے خلاف CCPA نے یہ حکم جاری کیا۔ x

## TTD - FIRE ACCIDENT

تروپتی کی تروملا تروپتی Devasthanams ، (ٹی ٹی ڈی) عمارت کے انجینئرنگ حصے میں کل آگ لگ گئی۔ TTD عملے نے آگ بجھانے میں کامیابی حاصل کرلی۔ حادثے کے بعد اسسٹنٹ انجینئر بھاسکر نے ایک شکایت درج کی، جس کے بعد Alipiri پولیس نے کیس درج کرلیا۔ TTD-CVSO سری دَھر نے عمارت کے انجینئرنگ حصے کا معائنہ کیا اور انہوں نے دیکھا کہ آگ لگنے کی وجہ سے مندر اور سڑک کے کام سے متعلق فائلیں جل کر راکھ ہوگئی ہیں لیکن انہوں نے یقین دلایا کہ اِن فائلوں کا ڈاٹا محفوظ ہے۔ x

## MM - BAHIN YOJANA

پونے میں کل ایک ریاستی سطح کی تقریب کے دوران مُکھیہ منتری ماجھی لڑکی Bahin یوجنا کا آغاز کیا گیا۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ اُن کی دِلی خواہش ہے کہ وہ خواتین کی زندگی خوشیوں سے بھرپور دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت مستفید خواتین کو ہر مہینے 1500 روپے Mahercha Aher کے طور پر دیئے جائیں گے۔ Mahercha Aher وہ تحفہ ہوتا ہے ، جو بڑا بھائی ، بہن کو دیتا ہے۔ وزیر مملکت مُرلی دھر Mohol ، نائب وزیر اعلیٰ

دیوندر فڑنویس اور اجیت پوار اس موقع پر موجود تھے۔ x

## BJP MEMBERSHIP

بی جے پی، یکم ستمبر سے رکنیت سازی کی ایک نئی مہم کا آغاز کرے گی۔ پارٹی کا مقصد ہے کہ اس مہم کے دوران دس کروڑسے زیادہ نئے ارکان کو شامل کیا جائے۔ قومی راجدھانی میں پارٹی کے عہدیداروں کی ایک میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ بی جے پی کے قومی ترجمان سمبت پاترا نے کہا ہے کہ اس مہم کے دوران، اُن ریاستوں کا احاطہ نہیں کیا جائے گا ، جہاں چناؤ ہونے والے ہیں۔ بی جے پی کا دعویٰ ہے کہ اس کے اٹھارہ کروڑسے زیادہ ارکان ہیں، جس سے یہ دنیا کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی بن جاتی ہے۔ xx

## JAISHANKAR KUWAIT

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر ایک سرکاری دورے پر آج کویت پہنچ گئے ہیں۔ وہاں پہنچنے پر ڈاکٹر ایس جے شنکر کے کویتی ہم منصب عبداللہ علی الیحیٰ نے ان کا استقبال کیا۔ اس دورے کے دوران، دونوں فریق، سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سکیورٹی، ثقافت، قونصلر اور عوام سے عوام کے روابط سمیت دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ دونوں فریق ، باہمی مفادکے علاقائی اور بین الاقوامی امور پربھی تبادلہ خیال کریں گے۔xx

## THAILAND NEW PM

تھائی لینڈ کے شاہ مہا **Vaji- Long-Korn** نے محترمہ **Paitong Tarn-Shinawatra** کو ملک کا نیا وزیراعظم منتخب کیا ہے۔ ایوان نمائندگان کے سکریٹری جنرل **Arphat-Sukanan** نے آج صبح ایک تقریب میں اس بات اعلان کیا۔ محترمہ شناواترا کو اس ماہ کی **16** تاریخ کو پارلیمنٹ میں اکثریتی ووٹ حاصل ہوئے تھے۔

**37** سالہ شناواترا، ملک کی سب سے کم عمر اور دوسری خاتون وزیر اعظم بن گئی ہیں۔xx

## PM THAILAND

وزیراعظم نریندرمودی نے محترمہ**Paetongtarn Shinawatra** کو تھائی لینڈ کی وزیراعظم بننے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے انہیں کامیاب مدت کے لئے دعا دی۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت اور تھائی لینڈ کے درمیان باہمی رشتوں کو مضبوط کرنے کیلئے ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے پُرامید ہیں۔ xx

**US ISRAEL**

امریکی وزیرخارجہ اینٹی بلنکین، غزہ میں جنگ بندی کرانے سے متعلق اپنے ملک کی سفارتی کوشش کے ایک حصے کے طور پر، آج اسرائیل میں تل ابیب پہنچ رہے ہیں۔

گزشتہ برس اکتوبر میں جنوبی اسرائیل پر حماس ملی ٹینٹوں کے حملے کے بعد سے، مغربی ایشیا کا یہ ان کا 9 واں دورہ ہے۔ امریکی وزیرخارجہ، اسرائیل اور حماس کے درمیان قاہرہ میں ہونے والے بالواسطہ امن مذاکرات پرنظررکھیں گے۔

امریکی ایماء پر جمعرات اور جمعہ کو دوحہ میں ہوئے امن مذاکرات کے بعد، جنگ بندی کی امیدیں پیدا ہوگئی ہیں۔
اسرائیلی عہدیداروں کے مطابق، جناب بلنکین، اسرائیل کے صدر Issac Herzog، وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو اور وزیر دفاع Yoav-Gallant سمیت دیگر اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کریں گے۔××

**BEDMINTON JUNIOR CHAMPIONSHIP**

بیڈمنٹن ایسوسی ایشن آف انڈیا نے، چین میں Chengdu کے مقام پر منگل سے شروع ہونے والی پندرہ اور سترہ سال سے کم عمر کے بیڈمنٹن کھلاڑیوں کی چمپیئن شپ کے لئے 39 کھلاڑیوں کی ایک ٹیم بھیجی ہے۔

اس ٹیم کا مقصد بہت سے تمغے حاصل کرنا اور 2025 میں بھارت کی میز بانی میں منعقد کی جانے والی ورلڈ جونیئر چمپیئن شپ کے لئے مضبوط بنیاد قائم کرنا ہے۔ یہ بھارتی دستہ گوہاٹی میں ایک تیاری کیمپ میں حصہ لینے کے بعد، کل Chengdu کے لئے روانہ ہوا۔××

**TENNIS**

ٹینس میں Iga Swiatek اور Jannik Sinner سنسناٹی اوپن 2024 کے سیمی فائنل میں اپنے اپنے مقابلے کھیلیں گے۔ پولینڈ کی کھلاڑی بیلاروس کی اپنی حریف Aryna Sabalenka سے مقابلہ کریں گی۔ یہ میچ آج رات بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے آٹھ بجے کھیلا جائے گا۔ اس سے پہلے کوارٹر فائنل میں Swiatek نے روس کی Mirra Andreeva کو چارچھ، چھ تین، سات پانچ سے ہرایاتھا۔

مردوں کے سنگلز میں اٹلی کے Sinner آج رات جرمنی کے Alexander Zverev سے کھیلیں گے۔
Sinner نے روس کے Andrey Rublev کو چارچھ، سات پانچ، چھ چار سے ہرا کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی تھی۔

**TARIQ JK PCC**

کانگریس کے سینئرلیڈر طارق حمید کرّا نے کل باضابطہ طورپر جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی JKPCC کے صدر کا عہدہ سنبھال لیا۔ جناب کرّا نے کہا کہ وہ اپنے سیاسی گڑھ مرکزی Shalteng جس کو پہلے بٹمالو کے نام سے جانا جاتا تھا سمیت سری نگرکی کسی بھی اسمبلی سیٹ سے چناؤ لڑنے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی فوری توجہ اسمبلی انتخابات اور

پارٹی کے لئے زیادہ سیٹیں حاصل کرنے پر رہے گی۔ کرّا نے کہا کہ جموں وکشمیر کی علاقائی پارٹیوں کے ساتھ انتخابات سے قبل اتحاد کا فیصلہ مقامی لیڈروں اور مرکزی لیڈر شپ کے ساتھ بات چیت کے بعد ہی کیا جائے گا۔ پی ڈی پی کے سابق لیڈر جناب کرّا سابقہ پی ڈی پی اور کانگریس کی اتحادی حکومت میں وزیر خزانہ بھی تھے۔

انہوں نے بی جے پی اور پی ڈی پی اتحاد کی مخالفت کرتے ہوئے **2016** میں پی ڈی پی اور لوک سبھا سے استعفیٰ دے دیا تھا اور **2017** میں کانگریس میں شامل ہوگئے تھے۔××

☆☆☆